نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سورج مکھی کی فصل سے زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے بروقت آبپاشی کی جائے، ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 13اپریل2023(   ) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ سورج مکھی کی فصل خوردنی تیل کی ملکی پیداوار بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اس کے بیج میں اعلیٰ قسم کا چالیس فیصد سے زیادہ خوردنی تیل پایا جاتا ہے جو کہ انسانی صحت بالخصوص امراض قلب سے بچاؤ کے لیے نہایت مفید ہے۔اس کے علاوہ سب سے زیادہ اہم بات کہ یہ فصل 110 سے 130 دنوں میں پک کر تیار بھی ہو جاتی ہے۔سورج مکھی کی فصل سے بہتر پیداوار کے حصول کیلئے بروقت آبپاشی کی جائے۔ترجمان نے مزید کہا کہ کاشتکار سورج مکھی کی آبپاشی پر توجہ نہیں دیتے جس سے فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔ سورج مکھی کی بہاریہ فصل کو عام طور پر 5 آبپاشیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ سورج مکھی کو دوسرا پانی پہلے پانی کے تقریباً 20 دن بعد، تیسرا پانی پھول نکلتے وقت، چوتھا پانی بیج بننے کے عمل کے دوران اور آخری پانی بیجوں کی دودھیا حالت یا بیجوں کی بڑھوتری کے دوران لگانا چاہیے۔سورج مکھی کی فصل کو اس کی کل ضرورت کا 20 سے 25 فیصد پانی فصل اُگنے سے لے کر ایک ماہ کے دوران لگانا چاہیے۔فصل کو سوکا لگ جائے تو بیج کی پیداوار میں 40 فیصد سے زیادہ کمی ہو جاتی ہے اس کمی کی وجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو عمل زیرگی متاثر ہوتا ہے جس سے پھول کے مرکز میں بیج نہیں بنتے اور جو بیج بنتے ہیں ان کی جسامت بہت چھوٹی ہوتی ہے اور وہ بیج اندر سے خالی ہوتے ہیں۔اگر اپریل میں موسم گرم ہو جائے تو فصل کو پانی دینے کا دورانیہ کم مگر پانی زیادہ مرتبہ لگانا چاہیے کیونکہ شدید موسم میں آبپاشی کی ضرورت بڑھ جاتی ہے۔ بروقت آبپاشی کرنے سے بیج صحت منداور زیادہ بنتا ہے جس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔اگر زیادہ گرمی ہو تو بہاریہ سورج مکھی کو پھول نکلتے وقت پانی کا وقفہ کم کردینا چاہیے ورنہ عمل زیرگی متاثر ہونے کی وجہ سے پھول کا کچھ حصہ بیج بننے سے محروم رہ جاتا ہے۔

☆☆☆☆